ilmkidunya
علم کی دنیا

## General Science - 10th Class General Math Urdu Medium Chapter 3 Short Questions Test

Q1. ریڈیو ویوز کی فریکونسی کتنی ہوتی ہے؟

**Ans 1:** 10 سے لے کر10.8 ہرٹز تک ہوتی ہے. اس کی سپیڈ روشنی کے برابر ہوتی ہے.K H zریڈیو ویوز الیکٹرومیگنیٹک ویوز کی ایک قسم ہے . اسکی فریکونسی ریڈیو ویوز کو کیرئیر ویوز بھی کہا جاتا ہے.

---

Q2. موڈیم سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** ایسی ڈیوائس جو ڈیجیٹل سگنل کو اینا لوگ سگنل میں تبدیل کرے یا اینا لوگ سگنل کو ڈیجیٹل سگنل میں تبدیل کرے موڈیم کہلاتا ہے.

---

Q3. فلاپی ڈسک کی تعریف کریں.

**Ans 1:** فلاپی ڈسک نرم پلاسٹک کی ڈسک ہے جس پر میگنیٹک میٹریل مثلاً فیرک آکسائیڈ کی تہ چڑھی ہوتی ہے اس پر معلومات میگنیٹک پیٹرن کی شکل میں سٹور ہوتی ہے اسے ایک پلاسٹک گیسٹ میں محفوظ کیا جاتا ہے.

---

Q4. اینا لوگ سگنلز کیا ہوتے ہیں؟

**Ans 1:** ایسے سگنلز جو تسلسل کےساتھ تبدیل ہو اینالوگ سگنلز کہتے ہیں . اینا لوگ سگنلز تسلسل کیساتھ تبدیل ہونے والی وولٹیج کو ظاہر کرتے ہیں.

---

Q5. پی ٹائپ سیمی کنڈکٹر کی تعریف کریں.

**Ans 1:** اگر سلیکان میں تیسرے گروپ کے ایلیمنٹ مثلاً ایلومینیم کی ڈوپنگ کی جائے تو سلیکان ایٹم کے آخری آربٹ میں الیکٹرون کی کمی ہوجاتی ہے اس کمی کو ہول کہتے ہیں. اس طرح کی ڈوپنگ سے سیمی کنڈکٹر میں ہولز کی تعداد زیادہ ہوجاتی ہے. ایسے میٹریل کو پی ٹائپ سیمی کنڈکٹر کہتے ہیں.اس میں زیادہ تر کرنٹ ہولز کی وجہ سے گزرتی ہے.

---

Q6. ہارڈویئر کے چار اہم حصے کون سے ہیں؟

**Ans 1:** ہارڈویئر کے چار حصے ہیں. 1.ان پٹ آلات . 2.سینٹرل پروسیسنگ یونٹ. 3.آوٹ پٹ آلات 4.انفارمیشن سٹوریج ڈیوائسز.

---

Q7. ہارڈ ڈسک سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** دھاتی پلیٹوں پر مشتمل ڈیجیٹل ریکارڈنگ کی ڈسک ، ہارڈ ڈسک کہلاتی ہے. ہارڈ ڈسک پر بہت زیادہ معلومات سٹور کی جاسکتی ہیں. اس لئے اس سٹوریج ڈسک بھی کہا جاتا ہے ہارڈ ڈسک کمپیوٹر کا ایک مستقل حصہ ہے اور یہ کمپیوٹر کے اندر نصب ہوتا ہے.

---

Q8. انٹرنیٹ کیا ہے؟

**Ans 1:** انٹرنیٹ لاکھوں کمپیوٹرز کے باہمی رابطہ کا نام ہے انٹرنیٹ پر آپ نہ صرف ایک دوسرے سے انفارمیشن کا تبادلہ کرسکتے ہیں. انٹرنیٹ پروفشنل حضرات مثلاًڈاکٹرز، انجینئرز وغیرہ کو اپنے مسائل کے بارے میںجدید ترین انفارمیشن کا رابطہ مہیا کردیتا ہے.

## Q9. ٹیلی گرافی کی تعریف کریں

**Ans 1:** اس میں پیغامات کی ترسیل کوڈ کی شکل میں ہوتی ہے معلومات کو الیکٹرک پلیسز میں تبدیل کرکے تاروں کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچایا جاسکتا ہے پھر وہاں اس کو دوبارہ آواز کے سگنلز میں تبدیل کرلیا جاتا ہے اس میں کوڈ بھیجنے اور وصول کرنے کے لیے ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے یہ طریقہ بہت سست رفتار ہے

## Q10. ریڈیو ویوز کو کیئریر ویوز کیوں کہا جاتا ہے

**Ans 1:** ریڈیو ویوز کو کئیریر ویوز اس لیے کہتے ہیں کیونکہ ریڈیو ویوز کو واز کے سگنلز سے مکس کیا جاتا ہے ان کیرئیر ویوز کو ٹرانسمیٹر انٹینا کے ذریعے دور دراز علاقوں تک نشر کردیا جاتا ہے